SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

**PRESS RELEASE**
For immediate release
June 20, 2026



# SECP Advances Plans for Pakistan's First Financial Services Dispute Resolution Centre

**ISLAMABAD, June 20 :** Pakistan has moved closer to establishing its first dedicated Financial Services Dispute Resolution Centre (DRC), a proposed independent institution designed to provide faster, more affordable, and accessible resolution of disputes across the financial sector. The proposed centre would operate as a specialised, one-stop, not-for-profit body under SECP oversight, offering fair and efficient dispute resolution services to consumers, investors, and financial institutions. To advance the initiative, the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), in collaboration with the U.S. Department of Commerce's Commercial Law Development Program (CLDP) and Singapore's Financial Industry Disputes Resolution Centre (FIDReC), held a stakeholder consultation in Islamabad.

The consultation was attended by SECP Chairman Dr. Kabir Ahmed Sidhu and Commissioners Mr. Muzzafar Ahmed Mirza, Mr. Imtiaz Haider, Mr. Muhammad Ali Farid Khawaja, and Mr. Zeeshan Khattak.

It brought together representatives from the judiciary, financial regulators, and key market institutions, including the Pakistan Stock Exchange (PSX), Pakistan Mercantile Exchange (PMEX), Central Depository Company (CDC), National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL), Mutual Funds Association of Pakistan (MUFAP), the Insurance Association of Pakistan, and other stakeholders.

Opening the consultation, SECP Commissioner Muzzafar Ahmed Mirza said that the strength of a financial system is measured not only by how efficiently it operates, but also by how effectively it resolves disputes when problems arise. He emphasized the need for accessible and timely dispute-resolution mechanisms to enhance public confidence in financial markets. Representatives of CLDP shared international experiences in dispute-resolution reforms and reiterated their commitment to supporting the SECP in developing the institutional framework and capacity required for the proposed centre Officials from Singapore's FIDReC highlighted the success of Singapore's specialised dispute-resolution model and said it offered valuable lessons that could be adapted to Pakistan's financial sector.

In his closing remarks, SECP Chairman Dr. Kabir Ahmed Sidhu said mediation had evolved globally from a mechanism of last resort into the preferred first step for resolving disputes. He noted that legislative support and judicial endorsement of mandatory mediation could significantly reduce litigation costs, accelerate recoveries, improve enforcement outcomes, and strengthen investor confidence. The Federal Secretary for Law and Justice, Raja Naeem Akbar, who also attended the consultation, extended his full support to the initiative. He expressed the view that the proposed reform model should be replicated by provincial governments to ensure a cohesive and nationwide improvement in dispute resolution mechanisms across all sectors.

Former Supreme Court judge Justice (R) Mushir Alam and Lahore High Court Judge Justice Jawad Hassan welcomed the initiative, observing that institutionalised mediation would complement the judicial system by reducing court backlogs, preserving commercial relationships, and making justice more accessible to citizens. Participants expressed broad support for the proposed DRC and underscored the importance of continued stakeholder engagement as Pakistan moves forward with plans to establish its first dedicated financial services dispute-resolution institution.

**SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)**

**PRESS RELEASE**
For immediate release
June 20, 2026



# ایس ای سی پی کی پاکستان کے پہلے فنانشل سروسز ڈسپیوٹ ریزولوشن سینٹر کے قیام کی جانب پیش رفت

اسلام آباد، 20 جون: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے پاکستان کے پہلے فنانشل سروسز ڈسپیوٹ ریزولوشن سینٹر کے قیام کے منصوبے پر پیش رفت کرتے ہوئے اسلام آباد میں تمام اہم اسٹیک ہولڈر کا مشاورتی اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں عدلیہ، وکلاء، وزارت قانون کے عہدیداران، فنانشل سیکٹر کے ریگولیٹرز اور کارپوریٹ اداروں، پاکستان اسٹاک ایکسچینج، پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی، نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، میوچل فنڈز ایسوسی ایشن، انشورنس ایسوسی ایشن آف پاکستان اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

یہ مشاورتی اجلاس امریکی محکمہ تجارت کے کمرشل لاڈویلپمنٹ پروگرام اور سنگاپور کے فنانشل انڈسٹری ڈسپیوٹ ریزولوشن سینٹر کے تعاون سے منعقد کیا۔ امریکہ کا کمرشل لاڈویلپمنٹ پروگرام مجوزہ فنانشل ڈسپیوٹ ریزولوشن سینٹر کے قیام میں بھی تعاون کر رہا ہے۔ مجوزہ فنانشل ڈسپیوٹ ریزولوشن سینٹر ایک آزاد، خصوصی نوعیت کا، ون ونڈو اور غیر منافع بخش ادارہ ہوگا جو ایس ای سی پی کی نگرانی میں کام کرے گا۔ اس کا مقصد مالیاتی شعبے سے متعلق تنازعات کے حل کے لیے صارفین، سرمایہ کاروں اور مالیاتی اداروں کو تیز، کم لاگت اور آسان رسائی پر مبنی خدمات فراہم کرنا ہے۔

کنسلٹیشن سیشن کا اغاز کرتے ہوئے ایس ای سی پی کے کمشنر مظفر احمد مرزا نے کہا کہ کسی بھی فنانشل سسٹم کے مستحکم ہونے کا انحصار صرف اس کی مؤثر کارکردگی پر نہیں بلکہ اس بات پر بھی ہوتا ہے کہ کاروباری اختلافات اور مسائل پیدا ہونے کی صورت میں ان تنازعات کو کس حد تک منصفانہ، بروقت اور کم لاگت میں حل کیا جاتا ہے۔ انہوں نے فنانشل مارکیٹوں پر عوامی اعتماد بڑھانے کے لیے مؤثر اور تنازعات کے قابلِ رسائی حل کے نظام کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر کمرشل لاڈویلپمنٹ پروگرام کے حکام نے تنازعات کے حل سے متعلق بین الاقوامی تجربات سے آگاہ کیا اور مجوزہ مرکز کے ادارہ جاتی ڈھانچے اور استعدادِ کار کی تعمیر میں ایس ای سی پی کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

فائیڈریک کے نمائندوں نے سنگاپور کے کامیاب ڈسپیوٹ ریزولوشن ماڈل کے بارے میں تفصیل سے بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ اس تجربے سے پاکستان کے مالیاتی شعبے کے لیے اہم رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ سیشن کے اختتام میں ایس ای سی پی کے چیئرمین ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ دنیا بھر میں ثالثی اب آخری آپشن کے بجائے تنازعات کے حل کا پہلا مرحلہ بنتی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانونی اصلاحات اور عدالتوں کی سپورٹ کے ذریعے لازمی ثالثی کے نظام سے مقدمات کے اخراجات میں کمی، ریکوری کے عمل میں تیزی، نفاذ کے بہتر نتائج اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ممکن ہے۔

سپریم کورٹ آف پاکستان کے سابق جج جسٹس (ر) مشیر عالم اور لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس جواد حسن نے اس اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ادارہ جاتی ثالثی عدالتوں کے متبادل کے بجائے ان کی معاون ثابت ہوگی، جس سے مقدمات کا بوجھ کم ہوگا، کاروباری تعلقات برقرار رہیں گے اور عام شہریوں کے لیے انصاف تک رسائی آسان ہوگی۔

شرکاء نے مجوزہ ڈسپیوٹ ریزولوشن سینٹر کے قیام کی بھرپور حمایت کا اظہار کیا۔